29-04-2025 TUESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

1۔ریاستی پنچایت راج کے وزیر دانا سری انسویا سیتاا کا نے مرکز پر زور دیا کہ وہ آپریشن کگار پر روک لگائے۔اور کالعدم سی پی آئی (ماؤسٹ) کے ساتھ امن مذاکرات کرے۔

2۔چیف منسٹر ریونت ریڈی نے متعلقہ عہدیداروں کو مس ورلڈ 2025 کے مقابلہ حسن کے کامیاب انعقاد کے لیے ایک جامع ایکشن پلان تیار کرنے کی ہدایت کی۔

3۔ریاستی وزیر آبپاشی اتم کمار ریڈی کا کہنا ہے کہ حکومت کالیشورم پراجکٹ اوراس کے ڈیموں کو پہنچنے والے نقصان کے ذمہ داروں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کرے گی۔

4۔ریاستی وزیر صنعت سریدھر بابو نے اعلان کیا کہ ریاست کے ہر حلقے میں صنعتی پارکس قائم کیے جائیں گے۔

SEETHAKKA

پنچایت راج اور دیہی ترقی کی ریاستی وزیر دانا سری انوسویا عرف ستیاا کا نے مرکز پر زور دیا کہ وہ آپریشن کگار کو روکیں اور کالعدم کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا (ماوسٹ) کے ساتھ امن مذاکرات کریں۔ بھارت بچاؤ تنظیم کے نمائندے بشمول گڈے اننیا۔اور۔ایم ایف گوپی ناتھ نے آج حیدرآباد کے پرجا بھون میں ان سے ملاقات کی اور آپریشن کگار کو روکنے کے لئے ان سے مداخلت کی اپیل کی۔سیتاا کا نے اپیل کا جواب دیتے ہوئے ہندوستان میں ماونوازوں سے متاثرہ ریاستوں میں پرامن ماحول پیدا کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ حکومتوں کو آئین کے شیڈول پانچ کے تحت قبائیلی علاقوں میں خصوصی حقوق اورانتظامی اصلاحات کا احترام کرتے ہوئے آئینی طور پر کام کرنا چاہیے۔اس موقع پر نمائندوں نے تلنگانہ، چھتیس گڑھ سرحد کے ساتھ واقعہ کریگٹہ علاقوں میں بڑی تعداد میں سیکوریٹی فورسس کی موجودگی پر تشویش کا اظہار کیا جس سے قبائیلی آبادی خوفزدہ ہے۔

CM-MISS WORLD

مس ورلڈ 2025 کے مقابلوں کے انتظامات پر اعلیٰ حکام کے ساتھ چیف منسٹر تلنگانہ ریونت ریڈی نے جائزہ اجلاس منعقد کیا۔حکام نے چیف منسٹر کو اس وقت جاری تیاریوں کی تفصیلات سے آگاہ کیا چونکہ مقابلے 10 مئی سے شروع ہونے جارہے ہیں۔ریونت ریڈی نے ہدایت دی کہ مہمانوں اور مقابلے میں حصہ لینے والوں کو کسی بھی قسم کی تکلیف نہ ہو۔انہوں نے کہا کہ ایئرپورٹ، ہوٹلوں اور تاریخی عمارتوں کے مقامات پر سخت سکیورٹی ہونی چاہیے۔ چیف منسٹر نے یہ بھی مشورہ دیا کہ مہمانوں کو سیاحتی مقامات کی سیر کا موقع فراہم کرنے کے لیے مناسب انتظامات کیے جائیں۔اس کے علاوہ، انہوں نے شہر کی خوبصورتی کے کاموں کو جلد مکمل کرنے کے احکامات بھی جاری کئے۔انہوں نے عہدیداروں سے اس بات کو یقینی بنانے کے لیے اقدامات کرنے کی خواہش کی کہ اس باوقار بین الاقوامی تقریب میں شرکت کرنے

والے شرکاء کو کسی قسم کی تکلیف کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ چیف منسٹر نے آج حیدرآباد میں انٹیگریٹڈ کمانڈ کنٹرول سنٹر (آئی سی سی سی) میں سینئر عہدیداروں کے ساتھ میٹنگ کے دوران یہ ہدایات دیں تاکہ تقریب کی میزبانی کے لئے ریاستی حکومت کی تیاریوں کا جائزہ لیا جاسکے۔ عہدیداروں نے کیئے جارہے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ چیف منسٹر نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ شرکا کے لئے ریاست کے تاریخی اور سیاحتی مقامات کی سیر کے لئے خصوصی انتظامات کیئے جائیں۔

IRRIGATION

ریاستی وزیر آبپاشی اتم کمار ریڈی نے آج کہا کہ حکومت نیشنل ڈیم سیفٹی اتھارٹی (NDSA) کی رپورٹ پر عمل کرے گی اور اس کی سفارشات کو نافذ کرے گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ ریاستی حکومت کالیشورم پروجیکٹ اور اس کے ڈیموں کو پہنچنے والے نقصان کے ذمہ داروں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کرے گی۔ حیدرآباد میں میڈیا کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر نے کہا کہ کالیشورم پراجکٹ ڈیم کی تعمیر سے متعلق رہنمایانہ خطوط کی خلاف ورزی ہوئی ہے اور یہ آبپاشی پراجیکٹ کی سب سے بڑی انسانی تباہی ہے۔ پاور پوائنٹ پریزنٹیشن کے ذریعہ کالیشورم پروجیکٹ کے نقصان پر این ڈی ایس اے کی رپورٹ کا حوالہ دیتے ہوئے، ریڈی نے کہا کہ سابقہ بی آر ایس حکومت نے ریاستی معیشت اور کسانوں کی معیشت کو سب سے زیادہ نقصان پہنچایا تھا۔

Sound byte

JOSHI -WORKSHPO

نئی اور قابل تجدید توانائی کے مرکزی وزیر پرہلاد جوشی نے کہا ہے کہ سبز ہائیڈروجن مستقبل کا ایندھن ہے اور انہوں نے مائیکرو، اسمال اور میڈیم انٹرپرائزز پر زور دیا کہ وہ گرین ہائیڈروجن کی پیداوار میں ٹیکنالوجی کی ترقی کے لیے تعاون کریں۔ آج نئی دہلی میں MSMEs کے لیے نیشنل گرین ہائیڈروجن مشن کے موقع پر ایک ورکشاپ کا افتتاح کرتے ہوئے جوشی نے کہا کہ MSMEs کے پاس مینوفیکچرنگ کے لیے اہم مدد فراہم کرنے کی طاقت ہے۔ انجینئرنگ اور نئے تکنیکی خیالات کے ساتھ آئیں جو ہندوستان کو قابل تجدید توانائی کی طرف بااختیار بنا سکتے ہیں۔ اس تقریب میں وزیر نے ہندوستان کی گرین ہائیڈروجن سرٹیفیکیشن اسکیم کا بھی آغاز کیا۔

Byte Joshi

SSC

دسویں جماعت میٹرک کے پبلک امتحانات دو ہزار پچیس کے نتائج کا اعلان کل کیا جائے گا۔ اکیس مارچ سے چار اپریل تک منعقد ہونے والے ان امتحانات کیلئے مجموعی طور پر پانچ لاکھ سے زائد طلبا جن میں ڈھائی لاکھ سے زائد طالبات۔ شامل ہیں نے رجسٹریشن کرایا تھا۔ اس بار طلبا کو نشانات اور گریڈ دونوں سے نوازا جائے گا۔

RIJIJU HAJ

اقلیتی امور کے مرکزی وزیر کرن رجیجو نے حج کے مقدس سفر پر جانے والے تمام ایک لاکھ 22 ہزار 518 عازمین سے اپنی نیک خواہشات

کا اظہار کیا ہے۔ پہلی پروازیں لکھنؤ سے 288 اور حیدرآباد سے 262 عازمین کے ساتھ روانہ ہوئیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں، رجیجو نے کہا کہ حکومت ایک ہموار اور بغیر کسی رکاوٹ کے حج خدمات کو یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے ایک محفوظ، بابرکت اور روحانی طور پر افزودہ سفر کے لیے بھی دعا کی۔

MIM

کل ہند مجلس اتحادالمسلمین۔ اے آئی ایم آئی ایم۔ سربراہ ورکن پارلیمنٹ حیدرآباد اسدالدین اویسی نے وقف ترمیمی قانون کے خلاف کل پورے ملک میں پندرہ منٹ کی لائٹ بند کرنے کا مطالبہ کیا۔ رکن پارلیمنٹ اسداویسی نے ہندوستان کے شہریوں سے درخواست کی کہ وہ آل انڈیا مسلم پرسنل لاء بورڈ کے اس ترمیمی بل کے خلاف ملک گیر احتجاج میں کل رات نو بجے سے سوا نو بجے بتی گل احتجاج میں حصہ لیں۔
واضح رہے کہ اس ماہ وقف ترمیمی ایکٹ کی مخالفت کرتے ہوئے حیدرآباد کے دارالسلام میں ایک احتجاجی جلسے عام منعقد کیا گیا تھا۔

CHARGE

آر وی کرنن نے آج سبکدوش ہونے والے افسر ایلم برتی سے گریٹر حیدرآباد میونسپل کارپوریشن (جی ایچ ایم سی) کے کمشنر کا چارج سنبھال لیا۔ ایلم برتی کا تبادلہ کرکے سیکرٹری میٹروپولیٹن ایریا اور شہری ترقی کے طور پر تعینات کیا گیا تھا۔ کرنن اس سے قبل محکمہ صحت اور خاندانی بہبود کے کمشنر کے طور پر خدمات انجام دے چکے ہیں، جن کی قیادت میں فوڈ سیفٹی ڈیپارٹمنٹ نے حیدرآباد میں فٹ آؤٹ لیٹس پر وسیع پیمانے پر چیکنگ کی۔ فیوچر سٹی ڈیولپمنٹ اتھارٹی (ایف سی ڈی اے) کے پہلے کمشنر کے ششانکا نے 12 مارچ کو ریاستی حکومت کے ذریعہ تشکیل کردہ ایف سی ڈی اے میں عہدے کا چارج سنبھالا۔ 2013 بیچ کے آئی اے ایس افسر، کے ششانکا نے اس سے قبل محبوب آباد، رنگا ریڈی اور کریم نگر کے کلکٹر کے طور پر خدمات انجام دیں۔

FOUNDATION

آئی ٹی اور صنعت کے ریاستی وزیر سریدھر بابو نے آج اعلان کیا کہ ریاست کے ہر حلقے میں بین الاقوامی معیار کے مطابق صنعتی پارکس قائم کیے جائیں گے۔ یہ پارکس مائیکرو، اسمال اور میڈیم انٹرپرائزز (MSMEs) کے قیام کو فروغ دینے پر توجہ مرکوز کریں گے، خاص طور پر تلنگانہ کے نوجوان کاروباریوں کی حوصلہ افزائی پر زور دیا جائے گا۔ سریدھر بابو 44.3 کروڑ روپے کی سرمایہ کاری سے وقارآباد ضلع کے مومن پیٹ منڈل کے ینکا تھلا گاؤں میں TGIIC کے زیر اہتمام تیار کیے جانے والے "موبلٹی ویلی پارک" کا سنگ بنیاد رکھنے کے بعد خطاب کررہے تھے۔ وزیر نے کہا کہ اس پارک سے تقریباً 10,000 نوجوانوں کے لیے روزگار پیدا ہونے کی امید ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ صنعتی ترقی صرف حیدرآباد تک محدود نہیں ہونی چاہئے اور یہ کہ حکومت صنعت کاروں کو ریاست کے مختلف خطوں میں سرمایہ کاری کے لئے فعال طور پر ترغیب دے رہی ہے۔

SOUND BYYTE

WEATHER

ریاست تلنگانہ میں آئندہ چوبیس گھنٹوں کے دوران موسم خشک رہنے کی امکان ہے۔ جےشنکر بھو پالا پلی۔ ملگو۔ بھدرادری کتہ گوڑم اضلاع کے الگ الگ مقامات پر گرج چمک کا امکان ہے۔ ریاست تلنگانہ کے اضلاع کھمم۔ نلگنڈہ۔ سوریہ پیٹ۔ محبوب آباد۔ ورنگل۔ ہنمکنڈہ۔ جنگاوں۔ سدیاپیٹ اور یداری بھونگیر میں آئندہ اڑتالیس گھنٹوں کے دوران ہلکی سے درمیانی بارش یا گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔

DAY-IPL

آئی پی ایل ٹی 20 کرکٹ میں دہلی کیپٹلس کا مقابلہ آج شام نئی دہلی کے ارون جیٹلی اسٹیڈیم میں کولکتہ نائٹ رائیڈرز سے ہوگا۔ میچ شام 7.30 بجے شروع ہوگا۔کل رات، ویبھو سوریاونشی کی تاریخی سنچری نے راجستھان رائلز کو جے پور کے سوائی مان سنگھ اسٹیڈیم میں گجرات ٹائٹنز کے خلاف آٹھ وکٹوں کی زبردست فتح درج کرائی۔

BRS

بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ اور سینئر ایم ایل اے ٹی ہریش راؤ نے آبپاشی کے ماہر آر ودیا ساگر راؤ کو ان کی برسی پر زبردست خراج عقیدت پیش کیا، اور تلنگانہ کی آبی حقوق کی لڑائی میں ان کے اہم رول کو یاد کیا۔ ایک بیان میں راما راؤ نے ودیا ساگر راؤ کو پانی کے علم کا ایک خزانہ قرار دیا جن کی شراکت نے سابقہ متحدہ آندھرا پردیش میں آبپاشی میں خطے کے ساتھ امتیازی سلوک پر تلنگانہ کے لوگوں کو بیدار کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ انہوں نے ریاست کی تشکیل کے بعد ودیا ساگر راؤ کے مشاورتی کردار کو بھی یاد کیا۔ جس کے دوران انہوں نے کے چندر شیکھر راؤ حکومت کو کلیدی آبپاشی پراجکٹس کی ڈیزائننگ اور ان پر عملدرآمد میں رہنمائی کی تھی۔